بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

ماہِ فروری کا حکمتِ قرآن پیشِ خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان ہے کہ اب یہ ماہنامہ کتابت و طباعت کے جملہ مراحل طے کر کے بروقت قارئین کی خدمت میں پہنچ جاتا ہے۔ ان شاء اللہ یہ باقاعدگی اب جاری رہے گی ـــــ زیرِ نظر شمارے میں 'فکرِ مغرب کی اساس اور اس کا تاریخی پس منظر' کے عنوان سے پروفیسر یوسف سلیم چشتی مرحوم کا ایک مقالہ شامل ہے۔ یہ مقالہ یا مضمون چشتی صاحب مرحوم نے ایک خط کی شکل میں برادرِ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کو ان کے اس مضمون کی تحسین و تائید کے طور پر لکھا تھا جو 'اسلام کی نشاۃِ ثانیہ: کرنے کا اصل کام' کے عنوان سے 'میثاق' میں شائع ہوا تھا۔ چشتی صاحب مرحوم کے اس وقیع مضمون کے ساتھ منسلکہ تعارفی نوٹ یقیناً قارئین کی دلچسپی کا باعث ہو گا ـــــ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام و مرتبہ کسی بھی دینی ذوق رکھنے والے شخص سے مخفی نہیں۔ خصوصاً فقہی مسائل میں وہ تمام صحابہ میں ایک ممتاز مقام رکھتے تھے۔ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جلیل المرتبت شخصیت پر مولانا سعید الرحمٰن علوی صاحب کا ایک تحقیقی مقالہ اس شمارے میں شامل ہے۔ مولانا علوی صاحب کے اس مضمون سے حضرت ابنِ مسعودؓ کی بلند پایہ شخصیت کے کئی اور گوشے بھی سامنے آتے ہیں۔ خاص طور پر تفسیرِ قرآن کے ضمن میں انؓ کا جو مقام تھا اسے علوی صاحب نے وضاحت سے بیان کیا ہے ـــــ مولانا محمد طاسین صاحب کے محققانہ مضمون 'مضاربت کی حقیقت اور شرعی حیثیت' کی چوتھی قسط شاملِ اشاعت ہے۔ اس سلسلے کی مزید ایک قسط ابھی باقی ہے جو ان شاء اللہ آئندہ شمارے میں پیشِ قارئین کی جائے گی۔

ابصار احمد